# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "سماجی"

## "سفر"

## تفریح کے لیے پاکستان کے کسی اور شہر جانے والے لوگوں کے نتائج میں جنس کی بنیاد پر نمایاں فرق ہے، دیہی اور شہری علاقوں کے نتائج میں نسبتاً کم فرق ہے: (گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

اسلام آباد، 23 اگست، 2019


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تفریح کے لیے پاکستان کے کسی اور شہر جانے والے لوگوں کے نتائج میں جنس کی بنیاد پر نمایاں فرق ہے، دیہی اور شہری علاقوں کے نتائج میں نسبتاً کم فرق ہے ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اوسطاً کتنی مرتبہ تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 5% جوابدہندگان کے مطابق وہ مہینے میں ایک بار ضرور تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں ، 4% جوابدہندگان کے مطابق وہ تین ماہ میں ایک بار تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں، 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ چھ ماہ میں ایک بار تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ سال میں ایک بار تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں، 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی کبھار تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں، جبکہ 39% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی بھی تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر نہیں جاتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**شہری اور دیہی علاقوں کے نتائج کا جائزہ : پاکستان میں دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر جانے کی شرح زیادہ ہے۔**

پاکستان کے شہری علاقوں میں، 6% جوابدہندگان کے مطابق وہ مہینے میں ایک بار ضرور تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں (اس کے برعکس دیہی علاقے میں تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر جانے والوں کی شرح 4% ہے)، 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ تین ماہ میں ایک بار (اس کے برعکس دیہی علاقے میں 3%)، 11% جوابدہندگان کے مطابق وہ چھ ماہ میں ایک بار (اس کے برعکس دیہی علاقے میں 8%)، 15% جوابدہندگان کے مطابق وہ سال میں ایک بار (اس کے برعکس دیہی علاقے میں 12%)، 29% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی کبھار تفریح کے لیے (اس کے برعکس دیہی علاقے میں 29%) اور 30% جوابدہندگان کے مطابق وہ کبھی بھی تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر نہیں جاتے ہیں (اس کے برعکس دیہی علاقے میں 42%)۔

" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اوسطاً کتنی مرتبہ تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں؟"





*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے نتائج کا جائزہ: تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر جانے والے مرد حضرات کے مقابلے میں خواتین کی شرح تقریباً نصف پائی گئی جوکہ ملک کے کسی دوسرے شہر میں تفریح کے لیے جاتی ہیں۔**

پاکستان کی خواتین میں، 4% کے مطابق وہ مہینے میں ایک بار ضرور تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر جاتی ہیں (اس کے برعکس مرد حضرات میں تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر جانے والوں کی شرح 5% ہے)، 4% خواتین کے مطابق وہ تین ماہ میں ایک بار (مرد حضرات میں یہی شرح 4%)، 6% خواتین کے مطابق وہ چھ ماہ میں ایک بار (مرد حضرات میں یہی شرح 11%)، 8% خواتین کے مطابق وہ سال میں ایک بار (مرد حضرات میں یہی شرح 16%)، 18% خواتین کے مطابق وہ کبھی کبھار تفریح کے لیے (مرد حضرات میں یہی شرح 36%) اور 59% خواتین کے مطابق وہ کبھی بھی تفریح کے لیے ملک کے کسی اور شہر نہیں جاتے ہیں (مرد حضرات میں 27% یہی شرح)۔ لہذا یہ نتائج جنس کے نتائج میں فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔

" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اوسطاً کتنی مرتبہ تفریح کے لیے ملک کے کسی اورشہر جاتے ہیں ؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1372 مرد و خواتین سے 02 اگست تا 09 اگست 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, August 23, 2019**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*